حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

ماہنامہ الاشرف کراچی

جلد ۴۔ حفظ و تلاوت   جلد ۵۔ تجوید و قرأت

پتہ: "ماہنامہ الاشرف" الاحمد مینشن۔ ۱۳ بی گلشن اقبال کراچی

ماہنامہ الاشرف کراچی ایک بین الاقوامی تحقیقی مجلہ ہے۔ جو اپنی عمر کی چودہ بہاریں مکمل کر کے پندرھویں سال میں داخل ہو چکا ہے۔ مولانا محمد اسعد تھانوی جیسے فاضل اور مولانا محمد اسلم شیخوپوری جیسے فاضل اس کے مدیران ہیں۔ دونوں عالم با عمل ہیں۔ مولانا محمد اسلم شیخوپوری صاحب اپنے ذوق مطالعہ اور اخلاص کی وجہ سے خدمت دین کی راہیں تلاش کرتے رہتے ہیں۔ گزشتہ چند برسوں سے انہوں نے "ماہنامہ الاشرف" کو خدمت قرآن کریم کے لئے وقف کیا ہوا ہے اور سبیل یہ نکالی کہ ہر ماہ رسالہ شائع کرنے کے بجائے چھ ماہ بعد ایک خاص موضوع پر چھ شمارے یکجا شائع کیے جائیں۔ اس وقت اس سلسلہ کی دو جلدیں یعنی دو خصوصی اشاعتیں ہمارے زیر مطالعہ ہیں۔

جلد نمبر ۴ "حفظ تلاوت قرآن کریم" کے عنوان پر اور جلد ۵ "تجوید و قرأت" کے موضوع پر وقت کے جید علماء کی تحقیقی تحریروں کا خوبصورت مرقع ہے۔ حکیم الامت حضرت شاہ اشرف علی تھانویؒ، مولانا محمد شاہ وصی اللہؒ، مولانا سرفراز خان صفدرؒ، مولانا محمد طاسین، ڈاکٹر عبدالرزاق سکندر صاحب، سید عبدالحلیم، مولانا محمد تقی عثمانی، ڈاکٹر محمد اکرم چودھری، محمد سعود عالم قاسمی، ڈاکٹر یسین مظہر صدیقی اور دیگر بہت سے محققین اور اہل قلم کی نہایت خوبصورت تحریریں ان خصوصی اشاعتوں کی پیشانی کا جھومر ہیں۔

"حفظ تلاوت" اور "تجوید و قرأت" کے حوالے سے جتنا سواد ان اشاعتوں میں موجود ہے وہ تشنگان علوم قرآنیہ کو سیراب کرنے کیلئے بہترین تحفے ہیں۔

قیمت فی جلد/25 ا روپے ہے طالبان علوم و قرآن اس کا ضرور مطالعہ کریں اور مدیران کے لیے دعا کریں۔

ہدایہ اور صاحب ہدایہ

تالیف مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: ۴۷ صفحات

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد۔ ضلع نوشہرہ صوبہ سرحد

ملنے کا پتہ: مدرسہ تعلیم الاسلام چنوں موم ضلع سیالکوٹ

قیمت درج نہیں

"ہدایہ" درس نظامی کے نصاب میں فقہ حنفی کی اہم ترین کتاب ہے۔ اس کے مصنف ابوالحسن علی المرغینانی کو سب سے زیادہ شہرت اسی کتاب کی وجہ سے ملی۔ کہاں مرغینان اور کہاں ہندوستان و پاکستان مگر ہدایہ اور صاحب ہدایہ نے یہ تمام فاصلے ختم کر دیئے۔ میں ذاتی طور پر ایسے طالب علموں سے مل چکا ہوں جو مرغینان (روس) سے ہدایہ پڑھنے کے لئے پاکستان آئے۔ اور دورہ حدیث مکمل کر کے وطن واپس گئے۔ اگر روس نے دینی مدارس بند کر دیئے تو اللہ نے وہاں کے اہل ایمان کو ہجرت کی سعادت عطا فرمائی۔ اور انہوں نے وطن چھوڑ کر علم دین حاصل کرنے سے دریغ نہ کیا۔

مولانا عبدالقیوم حقانی نے اس مختصر رسالہ میں جہاں صاحب ہدایہ کے مختصر سوانح جمع کئے ہیں وہاں "ہدایہ" کی تاریخ اور اس کی اہمیت کے حوالے سے بھی تحقیقی مواد جمع کر دیا ہے۔ اپنی نوعیت کا منفرد رسالہ ہے۔ ایک عام قاری تک ان معلومات کو نہایت آسان انداز میں پہنچا دیا ہے۔ جن سے صرف علماء ہی واقف ہوتے ہیں۔ یہ بڑی خدمت ہے جو مولانا عبدالقیوم کے حصہ میں آئی ہے۔ دینی مدارس کے طلباء اور سیرت و سوانح سے دلچسپی رکھنے والا ہر قاری اس کتاب کے مطالعہ سے اپنے ذوق کی تسکین اور